people for Education
BECAUSE EDUCATION MATTERS MOST

# ہوم ورک یا گھر کا کام

بچّوں کو اسکول میں کامیاب بنانے کے لئے ایک طریقہ یہ ہے کہ والدین/گارڈین ہوم ورک کے سلسلے میں بچّوں کی حوصلہ افزائ کریں۔

**ہوم ورک کیا ہے؟**

ہوم ورک کی اقسام جو بچّے گھر لائیں گے۔
* وہ کام مکمل کرنا جو کلاس میں شروع کیا تھا۔
*کوئ رسرچ پروجیکٹ
* ٹیسٹ یا امتحان کے لئے پڑھنا
* کلاس میں سیکھے ہوئے نئے ہنرکی مشق کرنا
* ورک بک اور بائنڈر وغیرہ کو ترتیب دینا
*کسی ناول یا ٹیکسٹ بک کے اقتباسات کو پڑھنا

**ہوم ورک کوکہاں اور کب کرنا چاہۓ؟**

*ہر طالب علم کا پڑھنے کا انداز مختلف ہوتا ہے- کچھ خاموشی پسند کرتے ہیں- کچھ موسیقی سنّا چاہتے ہیں- کچھ اپنے دوستوں کے ساتھ مل کر پڑھنا چاہتے ہیں-آپ اپنے بچّے کو بہتر طور پر جانتے ہیں اس لئے آپ اسے ہوم ورک کرنے کی مناسب جگہ منتخب کرنے میں مدد دیں-
* ہوم ورک کا وقت مقرر کر لینا چاہئے – بچّے ہوم ورک ٹالتے رہتے ہیں جب کہ والدین اس کوشش میں ہوتے ہیں کہ بچّے کام جلدی مکمل کر لیں- اس وجہ سے اکثر بحث مباحثہ چھڑ جاتا ہے- وقت مقرر کر لینے سے ہوم ورک ایک روٹین کی صورت اختیار کر لیتا ہے-
* کوشش کر کے شام میں جلدی ہوم ورک کروالیں کیونکہ اس وقت بچّوں میں زیادہ چستی ہوتی ہے- سونے سے پہلے بچّوں کو آرام کرنے یا ریلیکس کرنے کا موقع ملنا چاہۓ-

**طالب علم ہوم ورک پر کتنا وقت خرچ کریں؟**

* اب تک ہوم ورک کی 'صحیح' مقدار کا فیصلہ نہیں ہو سکا ہے- لیکن رسرچرز اور اساتزہ اس بات پر متفق ہیں کہ چھوٹی کلاسوں میں ہوم ورک محدود ہونا چاہۓاور رفتہ رفتہ بڑی کلاسوں میںجب ہائ اسکول تک بچّے پہنچ رہے ہوتے ہیں تو ہوم ورک بڑھایا جا سکتا ہے-
* بچّے مختلف رفتار نے کام کرتے ہیں- اسلئے ایک ہی ہوم ورک میں فرق فرق وقت لگائنگے-
* ہوم ورک ختم کرنے کے بعد بچّوں کے پاس اتنا وقت بچنا چاہئے کہ وہ دوسری سرگرمیوں میں حصّہ لے سکیں، جیسے کہ 'اسپورٹس' یا کھیل، موسیقی، دینی تعلیم، زبان کی کلاس،' والنٹیر ورک'یا رضا کارکے طور پر کام اور کھیل کود وغیرہ-
* اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کے بچّے کو بہت زیادہ یا بہت کم ہوم ورک مل رہا ہے تو آپ کو اس کی کلاس ٹیچر سے بات کرنا چاہئے-

***والدین ہومورک میں کس طرح مدد کر سکتے ہیں؟**

* بڑے بچّوں کو اس بات کی عادت ڈالیں کہ وہ اپنے امتحان اور پروجیکٹس وغیرہ کی تاریخوں کے لئے اسکول اجینڈا استعمال کریں-
بچّوں کو ٹائم ٹیبل بنانے میں مدد دیں بلکہ 'پروجیکٹس' کے یۓ ایک بڑا کیلنڈر ترتیب دلوائں
* پروجیکٹس کے علاوہ زیادہ تر گھر کے کام میں وہی سب کچھ دہرایا جاتا ہے جو کلاس میں کر رہے ہوتے ہیں- اسلئے بچّوں کو بغیر کسی کی مدد کے ہوم ورک کر لینا چاہئے-
*جس وقت آپ کے بچّے ہوم ورک کر رہے ہوں، تو اس وقت آپ اپنا 'ہوم ورک' کر نکتے ہیں،یعنی بل ادا کرنا، پڑھنا، خط لکھنا وغیرہ- اس طرح آپ بچّوں کے

People for Education is an independent parents' group working to support public education in Ontario's English, French and Catholic schools.
You can reach us at: P.O. Box 64, Station P, Toronto, Ontario, M5S 2S6
phone: 416-534-0100 fax: 416-536-0100 e-mail: info@peopleforeducation.com or visit: www.peopleforeducation.com

پاس بیٹھ سکتے ہیں-لیکن مدد صرف اس صورت میں کریں کہ بچّہ خود مانگےتو-

* چھوٹے بچّوں کے ساتھ پڑھیں (کسی بھی زبان میں)- بڑے بچّوں کی حوصلہ افزائ کریں کہ وہ روز خود سے تھوڑا بہت پڑھیں-

* اپنے بچّے سے روز اسکول کے بارے میں بات کریں- چاہے آپ انگریزی(فرانسیسی) سمجھتے ہوں یا نہیں اور چاہے آپ مضمون سمجھ پائیں یا نہیں-آپ ہر حال میں ایک اچھے سننے والے بن سکتے ہیں-

ریسرچ نے یہ ثابت کیا ہے کہ اسکول کے بارے میں بچّے سے صرف بات کرنے سے بچّے کی کامیابی کے امکانات بڑھ جاتے ہیں-

* اس بات کا خیال رکھیں کہ بچّے کے پاس ضرورت کا سب سامان موجود ہو- جیسے پینسل، رولر، مارکر، کاغزوغیرہ-

**اگر کسی طالب علم کو ہوم ورک کرنے میں دقت ہو تو کیا کریں؟**

* ہمیشہ بچّوں کو یہ بات سمجھائیں کہ اگر انہیں کسی قسم کی مدد کی ضرورت ہو تو اپنی ٹیچر سے بات کریں- بچّے کو یہ معلوم ہونا چاہئے کہ اگر کوئ بات سمجھ میں نہیں آ رہی ہے تو ٹیچر سے پوچھنے میں کوئ عیب نہیں-

*اگر آپ کے بچّے کو ہوم ورک نہیں سمجھ میں آرہا ہے تو اس سے پوچھیں کہ ٹیچر نے کیسے سمجھایا تھا- اس طریقے سے بچّے کو سبق یاد آجاتا ہے اور ہوم کے جواب سمجھ میں آ جاتے ہیں-

* اگر اپ کو لگے کہ بچّہ ہوم ورک کرتے کرتے اکتا گیا ہے اور چڑچڑا ہو رہا ہے تو اسے ایک وقفہ لے لینے دیں، جس کے بعد وہ دوبارا کام شروع کر سکتا ہے-

*اگر بچّہ اپنی پوری کوشش کے باوجود ہوم ورک مکمل نہیں کر پاتا تو اس کا نامکمل کام اسکول بھیجنے میں کوئ ہرج نہیں ہے-آپ ایجینڈا میں ایک نوٹ لکھ کر بھیج سکتے ہیں کہ کس وجہ سے کام ادھورا رہ گیا ہے- اس طریقے سے ٹیچر بہتر طور پر سمجھ سکےگی کہ کیا مثائل ہیں اور دوسرے یہ کہ اسے خوشی ہو گی کہ آپ اپنے بچّے کی تعلیم اور کارکردگی میں دلچسپی لے رہے ہیں-

*اگر بچّہ بار بار ہوم ورک مکمل نہیں کر پاتا تو پھر یہ بہت ضروری ہے کہ آپ اس سلسلے میں اس کی ٹیچر سے ملیں-

**ہوم ورک میں مدد کے لئے دیگر وسائل**

* یہ معلوم کریں کہ اسکول، کمیونٹی سینٹر اور لائبریری وغیرہ میں ہوم ورک کے لئے امداد کے وسائل موجود ہیں یا نہیں- کچھ اسکولوں میں اور اکثر لائبریریوں میں اسکول کے بعد ہوم ورک کلبز قائم ہوتے ہیں-

* بچّوں کو اپنے دوستوں سے یا اپنےبڑے بہن بھائیوں سے بھی مدد مل سکتی ہے-

*ا کثر اسکولوں میں 'پیر ٹیوٹرز' ہوتے ہیں- یعنی وہ طالب علم جنھوں نے کورس مکمل کر لیا ہے- وہ ریاضی یا سائنس میں مدد کر سکتے ہیں-

* ایک مفت اون لائن سروس بھی موجود ہے جس کا پتہ یہ ہے www.ilc.org

سند یافتہ ٹیچر اس سائٹ پر اتوار سے لے کر جمعرات تک موجود ہوتے ہیں-ایک 'ایسے فیڈبیک سروس' بھی ہوتی ہے یعنی مضمون پر تنفید کی سروس-

* کچد اسکول بورڈ 'اون لائن' یعنی کمپیوٹر پر مختلف درجوں کے لئے اسباق فراہم کرتے ہیں-آپ اپنے اسکول بورڈ کی ویب سائٹ پر جا کر مزید معلومات حاصل کریں-

THE ONTARIO TRILLIUM FOUNDATION
LA FONDATION TRILLIUM DE L'ONTARIO

This tip sheet was developed with the support of the Ontario Trillium Foundation.

Copies are available in several languages at www.peopleforeducation.com.
For more information, call 416-534-0100 (toll-free 1-888-534-3944) or email info@peopleforeducation.com
© People for Education 2008